# MODEL QUESTION PAPER - URDU 2025-26

## STD 8

TIME : 1 1/2 Hrs.

SCORE : 40

---

1 سے 4 تک کے تمام سوالوں کے جواب لکھیے۔

1. نفرتوں سے پاک ہو اپنی زمیں

ہو رواداری کا مسلک ہر کہیں

اس شعر میں شاعر اپنی زمین کس سے پاک ہونے کے لیے کہہ رہا ہے؟ 1

(محبت نفرت الفت حکمت)

2. دیمتی کے بارے میں صحیح جملہ چن کر لکھیے۔ 1

- ☐ دیمتی ایک بہادر عورت تھی۔
- ☐ دیمتی انگریز کے دفتر میں کام کرتی تھی۔
- ☐ دیمتی کے ابّا جان کا نام شیام تھا۔
- ☐ دیمتی سے ڈاکٹر نے آرام کرنے کے لیے کہا تھا۔

3. وجاہت علی سندیلوی کا شعر چن کر لکھیے۔ 2

a) دل سے نکلے گی نہ مر کر بھی وطن کی الفت

میری مٹی سے بھی خشبوئے وفا آئے گی

b) نفرتوں سے پاک ہو اپنی زمیں

ہو رواداری کا مسلک ہر کہیں

c) سارے جہاں سے اچھا ہندوستاں ہمارا

ہم بلبلیں ہیں اس کی یہ گلستاں ہمارا

4. بچے کا دل باغ باغ ہو گیا۔ 2

'دل باغ باغ ہونا' سے کیا مطلب ہے؟

(بہت خوش ہونا　　بہت دکھ ہونا　　بہت ناراض ہونا　　بہت شوقین ہونا)

**5 سے 12 تک کے سوالوں سے کسی 6 کے جواب مختصر لکھیے۔** 6x3=18

5. اپنا ماحول ہرا بھرا اور صاف ستھرا رکھنے سے کیا کیا فائدے ہیں۔ مختصر نوٹ لکھیے۔ 3

6. وجاہت علی سندیلوی کی 'اک نئی دنیا بنائیں' کا مرکزی خیال کیا ہے؟ مختصر لکھیے۔ 3

7. بھائیوں کی طرح سب مل کر رہیں

احترام اک دوسرے کا ہم کریں

اس شعر کے ذریعہ ہمیں کیا پیغام ملتا ہے؟ اپنے الفاظ میں لکھیے۔ 3

8. ۱۵/ اگست کو ہم یومِ آزادی بڑی دھوم دھام سے مناتے ہیں۔ آزادی بڑی نعمت ہے۔

اپنی آزادی کی حفاظت رکھنا ہمارا فرض ہے۔

بچّو، آزادی کے بارے میں اپنے خیالات اظہار کیجیے۔ 3

9. یومِ ماحولیات کے موقع پر آپ کے اسکول میں ایک جلوس منعقد ہونے والا ہے۔

فطرت کی حفاظت ہماری ذمہ داری ہے۔

بچّو، جلوس کے لیے تین نعرے تیار کیجیے۔ 3

10. عبارت غور سے پڑھیے اور تین سوالات تیار کیجیے۔ 3

بھگت سنگھ پنجاب کے لائل پور ضلع میں ۲۷/ستمبر ۱۹۰۷ کو پیدا ہوئے۔ ان کے والد کشن سنگھ اور چچا آزادی کی جنگ میں شامل تھے۔ ہر ایک ہندوستانی کے دل میں شہید اعظم کے نام سے وہ ہمیشہ زندہ رہیں گے۔

(اشارے: کہاں، کون، کیا، کیوں)

11. مکالمے غور سے پڑھیے اور مناسب کردار کا نام جوڑ کر لکھیے۔ 3

(دیمتی، شیام، کمار)

| | |
|---|---|
| ''مت کرو بیٹی، میں اکیلا نہیں ہوں۔ یہ گاؤں کے لوگ بھی میرے ساتھ ہیں۔'' | ............... |
| ''دیدی! وہ لوگ کمار چاچا پر حملہ کر رہے ہیں اور ہمارے گھروں کو آگ لگا رہے ہیں۔'' | ............. |
| ''لوگوں نے یہ کیا کیا؟ ہٹ جاؤ یہاں سے...'' | ............. |

12. کہانی 'ماتھے کا آنچل' آپ نے پڑھی ہوگی۔ دیمتی، کمار اور شیام اس کہانی کے اہم کردار ہیں۔

بچّو، کہانی کا کون سا کردار آپ کو زیادہ پسند ہے؟ کیوں؟

کردار کی خصوصیات بیان کیجیے۔ 3

**13 سے 17 تک کے سوالوں سے کسی چار کے جواب تفصیل سے لکھیے۔** 4x4=16

13. مادری زبان میں ترجمہ کیجیے۔ 4

آج فصل کی کٹائی کا دن تھا۔ یہ دن دیمتی اور اس کی سہیلیوں کے لیے ایک تہوار جیسا تھا۔ دیمتی اپنی سہیلیوں کے ساتھ فصل کی کٹائی میں مصروف تھی کہ اچانک اس کا پڑوسی شیام دوڑتا ہوا آیا اور چیختا ہوا بولا:

''دیدی دیدی! وہ لوگ کمار چاچا پر حملہ کر رہے ہیں اور ہمارے گھروں کو آگ لگا رہے ہیں۔''

14. ۱۵ر اگست ہماری زندگی کا خوش گوار دن ہے۔ اسکول میں اور بازار میں آزادی کی تقریب بڑے جوش وخروش سے منائی جاتی ہے۔

بچّو، بتائیے کہ اس سال آپ بھی جشنِ آزادی میں شرکت لے رہی ہیں۔

آپ کے جشنِ آزادی کا ڈائری نوٹ تیار کیجیے۔ 4

15. میں نارنگی کی طرح گول ہوں۔اپنے آپ گھومتی ہوں...  زمین اپنی آپ بیتی کہہ رہی ہے۔

بچّو، دیکھیے، زمین کی طرح آپ بھی اپنی پسندیدہ ایک چیز کی آپ بیتی تیار کیجیے۔ 4

(جیسے:  پیڑ، ندی، پہاڑ)

16. آپ کے اسکول میں اردو کلب کے ماتحت 'بھگت سنگھ ایک بہادر مجاہدِ آزادی' کے موضوع پر سیمینار ہونے والا ہے۔

سیمینار کے لیے ایک پوسٹر تیار کیجیے۔ 4

(اشارے:  موضوع، جگہ، تاریخ، مہمانِ خصوصی، مقالہ کی پیش کش)

17. آج کل ہمارے ماحول میں آلودگی بڑھتی جا رہی ہیں۔ماحول کو آلودگی سے بچنے کے لیے ہم کیا کر سکتے ہیں؟

اپنے خیالات واضح کیجیے۔ 4

(اشارے:  پلاسٹک، ڈسٹ بِن، کوڑے کچرے، صفائی)